حیسکو پریس ریلیز مورخہ 21.10.2026

زیرولوڈشیڈنگ فیدرز پرزیروٹالرنس پالیسی کے تحت مانیٹرنگ ٹیمیں دن رات چیکنگ کررہی ہیں بجلی کی چوری کسی بھی صورت میں نہیں ہونے دیں گے، بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔انچارج مانیٹرنگ سیل ولید اد چانڈیو



حیدرآباد(پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوری کے خلاف زیروٹالرنس پالیسی کے تحت زیرولوڈشیڈنگ فیدرز پرزیروٹالرنس پالیسی کے تحت مانیٹرنگ ٹیمیں دن رات چیکنگ کررہی ہیں بجلی کی چوری کسی بھی صورت میں نہیں ہونے دیں گے، بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، گلشن سحر کے علاقے میں 6 عدد بنگلوز کے 3 فیز کنیکشن کے میٹروں میں ٹیمپرنگ پائی گئی جس پر ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بجلی کے کنیکشن منقطع کردیئے مروجہ قوانین کے تحت جرمانہ عائد کرنے کے ساتھ متعلقہ تھانے میں بجلی چوری کرنے والے صارفین پر مقدمہ بھی درج کرانے کے لیے ایس ڈی او سٹیزن کالونی آفتاب احمد ڈاہانی کی مدعیت میں لیٹر جمع کرادیا ہے بجلی چوری میں پکڑے جانے والے 6 عدد کنیکشنز کی تفصیلات درج زیل ہیں، عمران ولد محمد حسین (حوالہ نمبر 213718204014100)، بنگلو نمبر 74، گلشن سحر، قاسم آباد پیر مسیح اللہ جان سرہندی (حوالہ نمبر 213718204018802)، بنگلو نمبر 72 گلشن سحر، قاسم آباد، سخاوت علی ولد اعجاز (حوالہ نمبر 093714820401701)، بنگلو نمبر 75 گلشن سحر، قاسم آباد، شمس الدین (حوالہ نمبر 093718204018805)، بنگلو نمبر 73 گلشن سحر، قاسم آباد، اشفاق حسنین جمالی (حوالہ نمبر 093718204023000) بنگلو نمبر 78 گلشن سحر، قاسم آباد اور سید عمران حسین ولد سید اعجاز حسین شاہ (حوالہ نمبر 093718203994020) بنگلو نمبر 75 گلشن سحر، قاسم آباد شامل ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے بجلی چوری کے خلاف زیروٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بجلی چوری میں ملوث کسی بھی شخص کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی۔ تمام ملوث صارفین کے خلاف بجلی چوری کے مقدمات درج کرانے اور قواعد وضوابط کے مطابق قانونی کارروائی عمل میں لانے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ حیسکو چیف کا مزید کہا کہ بجلی چوری قومی وسائل کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ بل ادا کرنے والے صارفین کے حقوق بھی متاثر کرتی ہے، لہٰذا بجلی چوری کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں بلا امتیاز جاری رکھی جائیں گی۔ اس موقع پر ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد ظفر علی سولنگی، ایس ڈی او ایم اینڈ ٹی ذیشان راجپوت کے علاوہ تکنیکی عملہ بھی موجود تھا۔